



# اشکال

ہم اپنے اردگرد اشکال دیکھتے ہیں۔






یہ ایک مثلث ہے اس کے 3 اضلاع ہیں۔





یہ ایک مستطیل ہے۔ مستطیل کے آمنے سامنے کے اضلاع کی لمبائیاں برابر ہوتی ہیں۔






یہ ایک دائرہ ہے اس کا کوئی ضلع نہیں۔






یہ ایک مربع ہے اس کے 4 اضلاع برابر ہیں۔


پہلے کالم میں دی گئی شکل جیسی شکل میں رنگ بھریں ۔



تمام مستطیلوں میں 1، مربعوں میں 2، دائروں میں 3 اور مثلثوں میں 4 لکھیں۔



ہم اشکال کی مدد سے تصاویر بنا سکتے ہیں۔




گھر 1 مثلث، 4 مربعوں اور 2 مستطیلوں سے مل کر بنا ہے۔


ہم اپنی کاپیوں پر ان اشکال کی مدد سے مختلف تصاویر بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔

# شکل کا راس

جس نقطہ پر 2 اضلاع بنتے ہیں۔ اُسے نقطہ راس کہتے ہیں۔





مثلث کے 3 راس ہیں۔




مستطیل کے 4 راس ہوتے ہیں۔





دائرہ کا کوئی راس نہیں ہوتا۔



مربع کے 4 راس ہوتے ہیں۔



ٹیبل مکمل کریں۔

| شکل | نام | اضلاع | راس |
|---|---|---|---|
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |

| پہیلیاں | |
|---|---|
| میرے 3 اضلاع ہیں۔<br>میرے 3 راس ہیں؟<br>میں کون ہوں؟ | |
| میرے 4 اضلاع ہیں۔<br>میرے 4 راس ہیں۔<br>میرے اضلاع برابر ہیں۔<br>میں کون ہوں؟ | |
| میرا کوئی ضلع نہیں۔<br>میرا کوئی راس نہیں۔<br>میں کون ہوں؟ | |